بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيْم

# خوبصورت لوگ کون ہوتے ہیں؟

زخرف بنت ندیم عطاریہ

جامعة المدینہ فیضان ابو هریره




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

## السلام علیکم !!!

ہماری ویب سائٹ پر شائع ہونے والے تمام ناولز اور مواد مصنفہ / مصنف کے نام اور ٹائٹل سے محفوظ ہیں۔

ان تحریر کے رائٹس کریزی فینز آف ناول اور مصنفہ / مصنف کے پاس محفوظ ہیں بغیر اجازت کوئی بھی شخص ان تمام ناولز مواد کی نقل نہیں کر سکتا۔

نقل شدہ مواد پکڑے جانے کی صورت میں متعلقہ فرد، بلاگ یا ویب سائیٹ کو در پیش آنے والے مسائل کا وہ خود ذمہ دار ہو گا۔

## نوٹ:

ہمیں اپنی ویب سائٹ کریزی فینز اوف ناول کے لئے لکھاریوں کی ضرورت ہے اگر آپ ہماری ویب سائٹ پہ اپنے ناول، افسانے، کالم، آرٹیکل اور شاعری شائع کروانا چاہتے ہیں تو اردو میں ٹائپ کر کے مندرجہ ذیل زریع کو استعمال کرتے ہوئے ہمیں بھیج سکتے ہیں۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انشاءاللہ آپ کی تحریر دو دن کے اندر ویب سائٹ پر شائع کر دی جائے گی۔

تفصیلات کے لیے ان رابطوں کا انتخاب کیجیے۔



## کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

Email : crazyfansofnovel@gmail.com

Facebook Page : fb.me/CrazyFansOfNovel

Facebook Group : https://web.facebook.com/groups/292572831468911/

Website Url : https://crazyfansofnovel.com

شکریہ

انتظامیہ کریزی فینز آف ناول!!!!!!


Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

# خوبصورت لوگ کون ہوتے ہیں؟

زخرف بنت ندیم عطاریہ

جامعۃ المدینہ فیضان ابوھریرہ

اگر آپ کو ایک بدرنگ، کھردری اور سیل زدہ دیوار دے دی جائے اور کہا جائے کہ اس کو خوبصورت بنادیں تو آپ کیا کریں گے؟ آپ اس دیوار کا پرانا رنگ اتاریں گے یا اس دیوار پر پلسٹر کر کے اسے ہموار کرنے کی کوشش کریں گے۔ اس پر نیا اور خوبصورت رنگ کریں گے۔ لیکن نتیجا یہ ہو گا کہ کچھ وقت بعد وہ دیوار پہلے کی طرح بے رونق ہو جائے گی۔ اس کا رنگ پھر سے جھڑنے لگے گا اور دیوار دوبارہ کھردری ہو جائے گی۔

کیونکہ آپ نے اس پر پلسٹر تو کر دیا۔ اس پر نیا رنگ بھی چڑھا کر اسے ظاہری طور پر تو خوبصورت بنانے کی کوشش کر لی لیکن اس دیوار کا اصل مسئلہ حل نہیں کیا جس کی وجہ سے وہ دیوار عیب دار ہو جاتی ہے۔



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Aansuon ki Dua | By Samreen Ahsen (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

غور کریں کہ اصل مسئلہ کیا ہے؟ اصل مسئلہ اس دیوار کا سیلن زدہ ہونا ہے۔ اس دیوار کے پاس کہیں پانی کا کام ہوتا ہے۔ جس کی نمی کی وجہ سے دیوار میں سیل رہتی ہے اور اسی وجہ سے آپ اس دیوار پر ظاہری طور پر کتنا ہی خوبصورت رنگ کر لیں۔ وہ بار بار سیل زدہ ہو کر خراب ہو جائے گی۔ جب تک اس کا اصل مسئلہ حل نہیں ہو گا وہ دیوار خوبصورت بن ہی نہیں سکتی۔

ہم میں بہت سے انسانوں کا بھی یہ ہی حال ہے۔ ہم خوبصورت بنا چاہتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ جب ہم کسی سے ملیں تو سامنے والا ہماری شخصیت سے مسحور ہو جائے۔ ہم اپنی شخصیت سے اس کے دل میں جگہ بنالیں۔ لوگ ہمیں پسند کریں۔ ہم سے محبت کریں۔ ہر کوئی ہماری تعریف کرے۔

یہ خواہش تقریباہر انسان کی ہوتی ہے کہ وہ خوبصورت لگے۔ اور ہم خوبصورت لگنے کے لئے کیا کچھ نہیں کرتے۔ ہم اپنے پہننے اوڑھنے پر توجہ کرتے ہیں۔ صاف ستھرا اور خوبصورت لباس اختیار کرتے ہیں۔ اپنے چہرے پر توجہ کرتے ہیں۔ اسے اچھے فیش واش




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے دھوتے ہیں۔ مہنگے مہنگے پراڈکس استعمال کرتے ہیں۔ کہیں جانے سے پہلے میک اپ کرتے ہیں۔ خود کو خوبصورت اور پرکشش ظاہر کرنے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں لیکن کیا ان چیزوں سے واقعی ہم خوبصورت بن جاتے ہیں؟ ہماری شخصیت ایسی ہو جاتی ہے کہ ہم کسی سے ملیں تو اس کے دل میں ہماری عزت و قدر بڑھ جائے؟ ہم سب ہی یہ ظاہری طور پر میک اپ تو کر لیتے ہیں لیکن کہیں ہمارا مسئلہ بھی اس سیل زدہ دیوار کی طرح تو نہیں؟ جس پر چاہے جتنا بھی رنگ چڑھالیا جائے وہ کچھ وقت بعد بد نما اور بے رونق ہو جاتی ہے۔

اب آتے ہیں اس چیز کی طرف جو انسان کو واقعی خوبصورت بناتی ہے۔ جس کی وجہ سے ہم سامنے والے کو خوبصورت بھی لگ سکتے ہیں اور اس کے دل میں اپنی محبت بھی پیدا کر سکتے ہیں۔ جس کی وجہ سے کوئی بھی انسان ہمیں پسند یا ناپسند کر سکتا ہے۔ جو ہماری شخصیت کی عکاسی کرتی ہے۔

"اور وہ چیز ہے ہماری "زبان




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہم چاہے اپنے اوپر کتنی ہی ظاہری خوبصورتی چڑھالیں۔ جب تک ہماری زبان خوبصورت نہیں ہوگی تب تک لوگ ہمیں پسند نہیں کریں گے۔ اگر ہماری زبان اچھی ہوگی تو لوگ ہمارے گرویدہ ہو جائیں گے اور اگر یہ ہی زبان بری ہوگی تو کوئی ہمارے پاس بیٹھنا بھی گوارا نہیں کرے گا۔ زبان ہمارا کردار بناتی ہے۔ زبان بتاتی ہے کہ ہمارا اخلاق کیسا ہے اور اخلاق سے ہی ہر انسان کی شخصیت بنتی ہے۔

آج ساڑھے چودہ سو سال گزر جانے کے بعد بھی ہر کوئی پیارے مصطفی ﷺ پر دل و جان سے فدا ہے۔ یہ پیارے آقا ﷺ کا حسن اخلاق ہی تو ہے کہ مسلمان تو پہلے ہی آپ ﷺ سے عشق کرتے ہیں بلکہ کافر بھی آپ ﷺ کے حسن اخلاق کے قائل ہیں۔ اور حضور ﷺ کا اخلاق کیسا تھا؟

آپ ﷺ حلم والے تھے۔ لوگوں کی خطا سے درگزر کرتے تھے۔ آپ ﷺ لوگوں پر رحم کرتے تھے۔ سب کے درمیان عدل و انصاف سے فیصلہ کرتے۔ کوئی آپ ﷺ کے گھر تشریف لاتا تو مہمان نوازی کرتے۔ اپنے وعدوں کی پاسداری کرتے۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نرم گفتگو فرماتے۔ کسی غم زدہ سے ملتے تو غمخواری فرماتے۔ تواضع اور انکساری کرتے۔ یہ تھے ہمارے نبی ﷺ کے اخلاق جن کی وجہ سے ہر دل آپ ﷺ کی محبت کا دم بھرتا ہے۔

ان اخلاق کے بارے میں اللہ فرماتا ہے۔

وَاِنَّکَ لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیۡمٍ

ترجمہ: اور بیشک تم یقینا عظیم اخلاق پر ہو۔

اور اللہ ہمارے لئے کیا فرماتا ہے قرآن میں؟

لَقَدۡ کَانَ لَکُمۡ فِیۡ رَسُوۡلِ اللّٰہِ اُسۡوَۃٌ حَسَنَۃٌ

ترجمہ: بیشک تمہارے لئے اللہ کے رسول میں بہترین نمونہ موجود ہے۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اب اگر ہم یہ چاہتے ہیں کہ لوگوں میں خوبصورت نظر آئیں اور لوگ ہم سے محبت کریں تو ہمیں ظاہری خوبصورتی سے پہلے اپنا اخلاق سنوارنا ہوگا۔ اگر ہمارے اخلاق اچھے ہوں گے تو لوگوں کے دل میں ہماری محبت خود بخود داخل ہو جائے گی۔

اور اخلاق اچھے کرنے کے لئے سب سے پہلے ہمیں اپنی "زبان" کو اچھا کرنا ہوگا۔ ہمیں اپنی زبان کو ہر بری اور منفی بات کہنے سے روکنا ہوگا۔ اپنی زبان پر کنٹرول کرنا ہوگا۔ ایسے انسان کو کوئی پسند نہیں کرتا جس کی زبان دوسروں کی عزت کو کہنچی کی طرح کاٹتی چلی جائے۔ جو انسان بھری محفلوں میں بیٹھ کر دوسروں کے عیب اچھالے یا دوسروں کی غیبتیں کریں۔ جو انسان مجلس میں بیٹھ کر ہنسی مزاق کرتا رہے اس کا سارا وقار ختم ہو جاتا ہے۔ اور جو دوسروں کی کسی بات بات کا مزاق اڑائے وہ بھی کسی کے دل میں اپنی جگہ نہیں بنا سکتا۔ لوگوں کے درمیان بیٹھ کر کسی شخص کو برا کہنا یا اس کی عیب جوئی کرنا یہ سب زبان کی تباہ کاریاں ہیں۔ جن کا آخرت میں تو نقصان ہے ہی ساتھ ہی دنیا میں بھی ایسے لوگوں کی کوئی عزت باقی نہیں رہتی۔ کچھ لوگ اپنی زبان سے ہر منفی بات کہہ




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ڈالتے ہیں اور یہ تک نہیں سوچتے کہ ان کی زبان سے نکلے الفاظ کسی کی دل آزاری کا سبب بن سکتے ہیں۔ کسی کے گھر دعوت میں گئے اور کھانا پسند نہیں آیا تو فورا میزبان کے سامنے کھانے کی برائی کر دی۔ کسی کا لباس پسند نہیں آیا تو سب کے سامنے اس کا مزاق اڑا دیا۔ کسی کا گھر چھوٹا ہے تو اس کے گھر کی تحقیر کر دی۔ اس طرح کے لوگ ظاہری طور پر خود کو کتنا ہی سنوار لیں، کیسا ہی میک اپ کر لیں لیکن خوبصورت نہیں لگ سکتے کیونکہ ان کی زبان خوبصورت نہیں ہے۔ ان کا اخلاق خوبصورت نہیں ہے۔ ان کا حال اس کھر دری سیلن زدہ دیوار جیسا ہی رہے گا جس پر جتنا ہی رنگ کر دیں وہ بد نما اور بے رونق ہی نظر آئے گی۔

اپنی شخصیت اور وقار بنانے کے لئے سب سے پہلے اپنا اخلاق بلند کریں۔ اور اپنے اخلاق کو بہتر بنانے کے لئے سب سے پہلے اپنی زبان کو کنڑول کریں۔ جو بول رہے ہیں سوچ سمجھ کر بولیں کہ کہیں آپ کی زبان سے کوئی منفی بات تو نہیں نکل رہی؟ آپ کی کہی بات سے کسی کا دل تو نہیں دکھ رہا؟




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قرآن میں اللہ فرماتا ہے۔

مَا یَلۡفِظُ مِنۡ قَوۡلٍ اِلَّا لَدَیۡہِ رَقِیۡبٌ عَتِیۡدٌ

ترجمہ: کوئی بات وہ زبان سے نہیں نکالتا کہ اس کے پاس ایک محافظ تیار نہ بیٹھا ہو۔

(سورۃ ق:18)

اپنی زبان سے اچھے اور مثبت الفاظ کریں۔ کسی سے ملیں تو اسے سلام کریں۔ جدا ہوتے وقت اسے دعا دیں۔ آقا ﷺ کی سنتیں بیان کریں۔ کسی غمزدہ سے ملیں تو اسے ہمت دے دیں۔ کسی کی کوئی چیز پسند آئی تو اچھے الفاظ میں تعریف کر دیں ساتھ ہی برکت کی دعا دے دیں۔ دوسروں کی اچھی باتوں پر حوصلہ افزائی کریں۔ بچوں سے بھی نرم لہجے میں بات کریں۔ کوئی چیز ناپسند ہوئی یا کوئی ناگوار بات سن لی تو اپنی زبان کو روک کر رکھیں۔ کسی کی غیبت نہ کریں چغلی نہ کریں۔ اپنی بڑائی بیان نہ کریں۔ کسی کی تحقیر نہ کریں۔ اپنی زبان سے لوگوں کی عزت کو پامال نہ کریں۔

پیارے آقا ﷺ فرماتے ہیں۔




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سچا مسلمان وہ جس کے زبان وہاتھ سے مسلمان محفوظ رہیں "(مشکوۃ شریف) "



اگر ہم اپنی زندگی میں ان چھوٹی چھوٹی مثبت باتوں کو شامل کرلیں اور اپنی زبان کو قابو کرلیں تو ہمارے اخلاق میں ایک بہترین تبدیلی آجائے گی۔ لوگ بھی ہم سے محبت کریں گے۔ ہمارے ساتھ اٹھنا بیٹھنا پسند کریں گے۔ ہم سے ملنا اور بات کرنا پسند کریں گے۔ جب ہماری زبان سے دوسروں کی عزت و آبرو محفوظ ہوگی تو لوگوں کے دلوں میں ہماری عزت مزید بڑھے گی۔ پھر اگر ظاہری خوبصورتی ہو یا نہ ہو ہم خوبصورت لگیں گے کیونکہ ہماری زبان خوبصورت ہوگی اور اخلاق میں بلندی ہوگی۔

اللہ پاک ہم سب کو اپنی زبان کی حفاظت کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔۔۔ آمین



CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Aansuon ki Dua | By Samreen Ahsen (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ تحریر پسند آئی ہو گی اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ

کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز




Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel